## روزنامہ ڈان کے سینئر صحافی عزیز اللہ شریف کی والدہ محترمہ کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

کراچی:۔۔۔5 مئی، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے روزنامہ ڈان کے سینئر صحافی عزیز اللہ شریف کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے عزیز اللہ شریف سمیت مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## موجودہ دور انفارمیشن ٹیکنالوجی کا دور ہے، واسع جلیل

## جس قوم کے نوجوان زیور علم سے آراستہ ہوں وہ قومیں ترقی وعروج پاتی ہیں، قاسم علی رضا

## برطانیہ یونٹ کے کارکنان سوشل میڈیا کو حق پرستی کی تحریک کیلئے ایک ٹول بنائیں، سلیم دانش

## سوشل میڈیا ایک بہت بڑا ہتھیار بن چکا ہے، علی مرتضیٰ

## ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے ذمہ داران اور کارکنان کے اجلاس سے خطاب

لندن۔۔۔5 مئی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن واسع جلیل نے کہا ہے کہ نوجوان طبقہ مستقبل کا معمار ہے اور ایم کیوایم نے نوجوان طبقہ کو سیاست سمیت زندگی کے ہر شعبہ میں اپنی صلاحیتوں کے اظہار کا بھرپور موقع فراہم کیا ہے۔یہ بات انہوں نے لندن میں ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے ذمہ داران اور کارکنان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اجلاس سے رابطہ کمیٹی کے رکن قاسم علی رضا، ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش اور ایم کیوایم یوکے میڈیا سیل کے انچارج علی مرتضیٰ نے بھی خطاب کیا، اس موقع پر ایم کیوایم برطانیہ کے جوائنٹ انچارج فیض احمد اور آرگنائزنگ کمیٹی کے دیگر ارکان بھی موجود تھے۔واسع جلیل نے جدید ٹیکنالوجی کی اہمیت اور افادیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین پاکستان کے واحد سیاسی رہنما ہیں جنہوں نے 25 سال کی عمر میں ایک طلبہ تنظیم کی بنیاد رکھی، 31 سال کی عمر میں عوامی جماعت قائم کی اور 33 سال کی عمر میں کراچی اور حیدرآباد کے بلدیاتی انتخابات میں عظیم الشان کامیابی حاصل کرکے ان شہروں کے میئرز اور ڈپٹی میئرز بلا مقابلہ منتخب کرائے۔انہوں نے کہا کہ موجودہ دور انفارمیشن ٹیکنالوجی کا دور ہے لہٰذا تمام تحریکی ساتھی قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ کو عام کرنے کیلئے نہ صرف جدید علوم حاصل کریں بلکہ اپنی صلاحیتوں کو حق پرستی کی تحریک کی کامیابی کیلئے بھی بروئے کار لائیں۔قبل ازیں رابطہ کمیٹی کے رکن قاسم علی رضا نے کہا کہ جس قوم کے نوجوان زیور علم سے آراستہ ہوں وہ قومیں ترقی وعروج پاتی ہیں اور ایم کیوایم نے خود کو جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرکے حق پرستی کے پیغام کے فروغ کا عمل تیز تر کردیا ہے۔آج ایم کیوایم کا حق پرستانہ فکر وفلسفہ پاکستان بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے دلوں کی ڈھڑکن بن چکا ہے۔دیار غیر میں موجود تحریکی ساتھیوں پر لازم ہے کہ وہ حصول علم کے ساتھ ساتھ جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرکے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے انقلابی پیغام کو عام کرنے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔اجلاس سے ایم کیوایم برطانیہ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ باشعور قومیں جدید علوم سے فائدہ اٹھا کر اپنا پیغام پوری دنیا میں پھیلا رہی ہیں اور برطانیہ میں مقیم ایم کیوایم کے کارکنان پر بھی لازم ہے کہ وہ جدید علوم کی بڑھتی ہوئی افادیت کو مدنظر رکھتے ہوئے سوشل میڈیا کو حق پرستی کی تحریک کیلئے ایک ٹول بنائیں۔ایم کیوایم برطانیہ میڈیا سیل کے انچارج علی مرتضیٰ نے کہا کہ آج یہ بات ثابت ہوچکی ہے کہ ماضی کی طرح کسی بھی ملک میں داخل ہونے کیلئے جنگی جہاز اور ہتھیاروں کی ضرورت نہیں ہے بلکہ اس مقصد کیلئے سوشل میڈیا ایک بہت بڑا ہتھیار بن چکا ہے جو لوگوں کے ذہنوں کو تبدیل کردیتا ہے۔

## پاکستان بچانے کا واحد راستہ یہی ہے کہ عوام کی خواہشات کے مطابق نئے صوبے بنائے جائیں، حق پرست ارکان قومی اسمبلی

## قومی اسمبلی میں جنوبی پنجاب صوبہ کے قیام کی قرارداد کی منظوری کا خیر مقدم، جنوبی پنجاب کے عوام کو مبارکباد

کراچی:۔۔۔5مئی2012ء

حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے جنوبی پنجاب صوبے کے قیام کیلئے قومی اسمبلی میں قرارداد کی منظوری پر جنوبی پنجاب کے عوام کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ جنوبی پنجاب کے عوام کو حقوق سے محروم رکھا گیا ہے اوران کا تعلیم وصحت سمیت دیگر معاملات میں نہ صرف استحصال کیا گیا ہے بلکہ انہیں پسماندہ رکھا گیا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کو بچانے کا واحد راستہ یہی ہے کہ عوام کی خواہشات کے مطابق نئے انتظامی یونٹ بنائے جائیں بلکہ چھوٹے انتظامی یونٹ ہونے سے ملک کمزور نہیں بلکہ مضبوط ہوا کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیو ایم کے ارکان پارلیمنٹ نے سب سے پہلے ہزارہ اور سرائیکی صوبے کے قیام کیلئے قومی اسمبلی اور سینیٹ میں بل جمع کرائے اور مظلوم عوام کے حقوق کے حصول کیلئے بھرپور طریقے سے آئینی وقانونی جدوجہد کی۔انہوں نے کہا کہ جنوبی پنجاب صوبے کے قیام کیلئے قرارداد کی منظوری مظلوم عوام کی فتح ہے اور ایم کیو ایم نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر جنوبی پنجاب صوبے کے قیام کیلئے جس طرح آئینی وقانونی جدوجہد کی اس سے جنوبی پنجاب کے عوام نہ صرف مطمئن ہیں بلکہ اس جدوجہد کو قدر کی نگاہ سے دیکھ رہے ہیں۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے جنوبی پنجاب صوبے کے قیام سمیت ملک میں جہاں جہاں احساس محرومی کے باعث عوام نئے صوبوں کے مطالبات کررہے ہیں انہیں سنجیدگی سے لیا جائے اور عوامی خواہشات اور امنگوں کے مطابق صوبوں کا قیام عمل میں لاکر ملک وقوم کو استحکام اور ایسی مضبوطی فراہم کی جائے جس کی سمت تنزلی کی جانب نہیں بلکہ ترقی وخوشحالی کی طرف جائے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے جنوبی پنجاب صوبے کے قیام کیلئے قومی اسمبلی میں قرارداد کی منظوری کا زبردست خیر مقدم کیا اوراسے مظلوم عوام کے حقوق کے حصول کیلئے اہم سنگ میل قرار دیا۔

## بجلی کی لوڈشیڈنگ کے دورانیہ میں اضافہ عوام دشمنی ہے، حق پرست ارکان سندھ اسمبلی

## بجلی کی غیراعلانیہ لوڈشیڈنگ کے باعث کراچی میں معیشت کا پہیہ جام ہوگیا

## بجلی کی طویل دورانیہ کی لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کیا جائے اوراس کی پیداوار کو بڑھا کر عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے

کراچی:۔۔۔5مئی2012ء

حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کے ای ایس سی کی جانب سے کراچی میں موسم گرما میں بجلی کی طویل دورانیہ لوڈشیڈنگ پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسے عوام کے ساتھ سراسر ظلم وزیادتی قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ بجلی کی لوڈشیڈنگ کے دورانیہ میں اضافہ عوام دشمنی ہے پہلے ہی کراچی کے شہریوں کا گرمی کی شدت میں اضافے سے جینا محال ہوگیا ہے اوراب کے ای ایس سی کی جانب سے کی غیراعلانیہ اور طویل بندش سے ان کی بے چینی وپریشانی میں مزید اضافہ ہوگیا اوران کی زندگی اجیرن بن گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی کے مختلف علاقوں میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کے دورانیئے میں کے ای ایس سی انتظامیہ کی جانب سے اضافہ کرنا اور یہ بات کہنا کہ تیکنیکی خرابی کے باعث بجلی بندش میں اضافہ ہوا ہے سراسر غلط ہے جبکہ دوسری جانب بجلی کی غیراعلانیہ لوڈشیڈنگ کے باعث کراچی میں معیشت کا پہیہ جام ہوگیا اور کاروباری زندگی مفلوج ہوکر رہ گئی ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ ضرورت اس چیز کی ہے کہ بجلی کی طویل دورانیہ کی لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کیا جائے اوراس کی پیداوار کو بڑھا کر عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر برائے بجلی وپانی نوید قمر سے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی میں بجلی کی طویل دورانیہ لوڈشیڈنگ کا فوری نوٹس لیا جائے اوراس پر قابو پانے کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## جوائنٹ انچارج واراکین زونل کمیٹی نصیرآباد کا رکن صوبائی تنظیمی کمیٹی (بلوچستان) خالد ارشد کی والدہ کے انتقال پر اظہار افسوس

نصیرآباد:۔۔۔5مئی2012ء

ایم کیو ایم نصیرآباد زون کے جوائنٹ انچارج امداد حسین واراکین زونل کمٹی نے کے صوبائی تنظیمی کمیٹی (بلوچستان) کے رکن خالد ارشد کی والدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے، اپنے ایک تعزیتی بیان میں جوائنٹ انچارج واراکین زونل کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار ولواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کے اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## قائدتحریک محترم جناب الطاف حسین کا نظریہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی ملک کے کونے کونے میں پھیل چکا ہے، محمد قطب الدین

## سکھر میں یوسی 08.B میں کارکنان کے جنرل ورکرز اجلاس سے زونل انچارج واراکین زونل کمیٹی کا خطاب

سکھر:۔۔۔5 مئی، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ سکھر زون کے انچارج محمد قطب الدین نے کہا ہے کہ جب تک غریب اور مظلوم طبقہ جاگیرداروں اور وڈیروں کے پیچھے بھاگتا رہے گا اسی طرح تذلیل اور احساس محرومی کا شکار ہوتا رہے گا متحدہ قومی موومنٹ کی بڑھتی ہوئی مقبولیت سے خائف عناصر نے ہمیشہ سندھ دھرتی کے مستقل باشندوں کے درمیان نفرتیں پھیلانے کی کوشش کی، ایم کیوایم نے سب سے پہلے عوام دشمن وڈیرانہ نظام کیخلاف آواز بلند کی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے یوسی 08.B میں کارکنان کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کی واحد سیاسی جماعت ہے جس میں تمام مکاتب فکر اور ہر زبان سے تعلق رکھنے والے عوامی کارکنان موجود ہیں اور تحریک کا ایک ایک کارکن قائد تحریک الطاف حسین بھائی کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے ہر مشکل حالات کا سامنہ کرنے کیلئے مستقل مزاجی، ثابت قدمی کے ساتھ زور کتنا بازوئے قاتل میں ہے دیکھنے کیلئے تیار ہیں۔انہوں قائدتحریک محترم جناب الطاف حسین بھائی نے پاکستان میں بسنے والی تمام قومیتوں کے مظلوم عوام کے درمیان نفرتوں کا خاتمہ کرکے انہیں متحدہ قومی موومنٹ کے پلیٹ فارم پر متحد و منظّم کیا جس کی بدولت ہی ملک میں جاگیردارانہ وڈیرانہ اور فرسودہ نظام کی تبدیلی ممکن ہے اور قائدتحریک جناب الطاف حسین بھائی اس ملک کے واحد رہنما ہیں جنہوں نے 98 فیصد عوام میں شعور اجاگر کیا جس سے خوفزدہ ہوکر جاگیردارانہ وڈیرانہ نظام کے حامیوں نے ایم کیوایم کے خلاف سازش شروع کررکھی ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ قائدتحریک محترم جناب الطاف حسین کا نظریہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی ملک کے کونے کونے میں پھیل چکا ہے جس سے جاگیرداروں، وڈیروں کی نیندیں حرام ہوگئی ہیں انہوں کارکنان وذمہ داران کو ہدایت کی کہ تمام ذمہ داران وکارکنان تحریکی لٹریچر کا مطالعہ کریں اور تحریکی نظریئے کو عوام الناس تک پہنچائیں۔اس موقع پر اراکین زونل کمیٹی طاہر بندھانی، آصف انصاری، نصرت عزیز اور مجیب الرحمٰن بھی موجود تھے۔

## اے پی ایم ایس او نے ہمیشہ طالبہ وطالبات میں علم وآگہی کے فروغ کیلئے مثبت کردار ادا کیا ہے، جوائنٹ زونل انچارج ذوالفقار علی خانزادہ

## متحدہ قومی موومنٹ کی بنیاد APMSO ہے جو قائدتحریک کی تعلیمات کے مطابق

## حصول تعلیم میں منظّم ومتحرک نوجوانوں پر مشتمل ہے رکن زونل کمیٹی مبین احمد

## گذشتہ روز APMSO حیدرآباد سیکٹر کے زیراہتمام ہونے والے تربیتی نشست سے خطاب

حیدرآباد:۔۔۔5 مئی، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے جوائنٹ زونل انچارج ذوالفقار علی خانزادہ نے کہا ہے کہ اے پی ایم ایس او کا کردار علمی شعبہ میں قابل قدر ہے اور اس نے ہمیشہ طالبہ وطالبات میں علم وآگہی کے فروغ کیلئے مثبت کردار ادا کیا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گذشتہ روز APMSO حیدرآباد سیکٹر کے زیراہتمام ہونے والے تربیتی نشست سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں میں رکن زونل کمیٹی مبین احمد APMSO سیکٹر و یونٹس کے ذمہ داران وکارکنان کثیر تعداد میں موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ APMSO نے طلبہ وطالبات میں اعتماد پیدا کرنے کیلئے وہ کردار ادا کیا جس کی بدولت طالبہ وطالبات ایم کیوایم کی پلیٹ فارم سے ملکی سیاست میں اہم کردار ادا کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین دور طالب علمی میں ایک ایسی انقلابی تحریک کو جنم دیا جس نے ملک میں رائج فرسودہ نظام اور موروثی سیاست کی بنیاد ہلاکر رکھ دیں۔انہوں نے کہا کہ APMSO پاکستان کی وہ واحد طلبہ تنظیم ہے جس نے ملک کی تاریخ میں ایک ایسی سیاسی جماعت کی بنیاد رکھی جسکے قائد نے کم عمر ہونے کے باوجود اس ملک میں ایسی سیاست کو پروان چڑھایا جسکی بدولت ملک کے پڑھے لکھے نوجوانوں اور طالب علموں نے ملک کو ترقی کی جانب گامزن کیا۔اجلاس سے رکن زونل کمیٹی مبین احمد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کی بنیاد APMSO ہے جو قائدتحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات کے مطابق حسول تعلیم میں منظّم ومتحرک نوجوانوں پر مشتمل ہے۔انہوں نے کہا کہ طلبہ کیلئے APMSO ایک ایسا پلیٹ فارم ہے جو طلبہ میں مثبت سرگرمیوں کے فروغ اور انکو معاشرے میں اپنے کردار کا تعین کرنے کا بہترین ذریعہ ہے اور اے پی ایم ایس او قائدتحریک الطاف حسین کے نعرے ''علم سب کیلئے'' کو اپنا نصب العین بناکر تعلیمی میدان میں طلبہ وطالبات میں فروغ علم کیلئے ماضی میں بھی اپنا کردار ادا کیا ہے اور آئندہ بھی اپنی کاوشیں کرتی رہے گی۔نشست سے دیگر ذمہ داران نے بھی خطاب کیا۔

## قائدتحریک جناب الطاف حسین کی شخصیت ملک بھر کے مظلوموں کیلئے امید کی کرن ہے

## ملک وقوم کا مستقبل روشن وتابناک اسی صورت میں ممکن ہے کہ جب ہم قائدتحریک کی تعلیمات پر مکمل طور پر عمل پیرا ہوں

## متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف

## گذشتہ روز سیکٹر اے کے زیراہتمام سیکٹر آفس میں معززین کے اجلاس سے خطاب

حیدرآباد:۔۔۔5 مئی،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف نے کہا ہے کہ ملک کی غریب عوام کی حالت بہتر بنانے کیلئے ہمیں قائد کے نظریہ عملیت پسندی ونظریہ حقیقت پسندی پر عمل پیرا ہوکر ملک میں رائج فرسودہ نظام کو تبدیل کرنے اور غریب ومظلوم عوام کی حالت بدلنے کیلئے ہمیں عملی جدوجہد کرنی ہوگی قائدتحریک الطاف حسین کا نظریہ ہی میں ملک کی تعمیرو ترقی کا راز مضمر ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گذشتہ روز سیکٹر اے کے زیراہتمام سیکٹر آفس میں معززین کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں اراکین زونل کمیٹی افتخار احمد قائم خانی،عابد غوری اورحق پرست رکن صوبائی اسمبلی اکرم عادل،سیکٹر و یونٹس کے ذمہ داران وکارکنان سمیت علاقے کے معززین وعوام نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔انہوں نے کہا کہ ملک کی بقاوسلامتی میں نہ تو وڈیروں وجاگیرداروں کو کوئی دلچسپی ہے اور نہ ہی دین کو تجارت بنانے والے علماء سو کو بلکہ یہ صرف اور صرف اپنے ذاتی مفادات کے حصول میں مصروف عمل ہیں۔انہوں نے کہا کہ غریبوں کے مسائل وہی حل کرسکتا ہے جو خود ان مسائل کا شکار رہا ہو متحدہ قومی موومنٹ ملک میں ایک ایسے نظام کو قائم کرنا چاہتی ہے جسمیں لوگوں کو بلاامتیاز رنگ نسل زبان اور مذہب برابر کے حقوق حاصل ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی شخصیت ملک بھر کے مظلوموں کیلئے امید کی کرن ہے اور اس کرن ہی کی بدولت ملک وقوم کا مستقبل روشن وتابناک اسی صورت میں ممکن ہے کہ جب ہم قائدتحریک کی تعلیمات پر مکمل طور پر عمل پیرا ہوں۔

## جب تک ملک سے ظلم وناانصافیوں کا خاتمہ نہیں ہوگا اور ملک کا نظام غریب ومتوسط طبقے کے ہاتھوں میں نہیں آئیگا تبدیلی کا تصور کبھی پورا نہیں ہوگا،عبدالکریم

## گوجرانوالہ زون کے زیراہتمام نوشہرہ ورکان ٹاؤن کے کارکنان کا اجلاس سے خطاب

گوجرانوالہ:۔۔5 مئی،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ گوجرانوالہ زون کے زیراہتمام گوجرانوالہ کے ٹاؤن نوشہرہ ورکان میں کارکنان کا اجلاس منعقد کیا گیا۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے زونل انچارج عبدالکریم نے کہا کہ اس ظالم معاشعے مین گریب کی بات سننے والا کوئی نہیں ہے یہاں جتنے بھی مظالم ہوتے ہیں سب غریب عوام پر ہی ہوتے ہیں،یہاں اگر علاج نہ ہونے کی وجہ سے کوئی مرتا ہے تو وہ غریب کا بچہ ہی مرتا ہے آج پاکستان میں مسائل کی اصل جڑ جاگیردارانہ نظام،انتہاء پسندی اور موروثی سیاست ہے جب تک ملک سے ظلم وناانصافیوں کا خاتمہ نہیں ہوگا اور ملک کا نظام غریب ومتوسط طبقے کے ہاتھوں میں نہیں آئیگا تبدیلی کا تصور کبھی پورا نہیں ہوگا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی پرواز گزشتہ 64 سالوں سے مسلسل ہچکولے کھارہی ہے اور اگر اب بھی اس پرواز کے نظام میں بنیادی تبدیلیاں نہ لائی گئیں تو ملک کو بڑے نقصان برداشت کرنا پڑیگا جو قطعی اس کا متحمل نہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے مسائل کی اصل وجہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام،انتہاء پسندی اور موروثی سیاست ہے ان کے خاتمے کے بغیر ملک میں حقیقی تبدیلی محض خواب ثابت ہوگی اور اس کے لیے تمام کارکنان کو انتھک محنت کی ضرورت ہے۔انہوں نے کارکنان کو ہدایت کی کے تمام کارکنان تحریکی لٹریچر کا مطالعہ کریں اور تحریکی نظریئے کو عوام الناس تک پہنچائیں تاکہ پاکستان سے اس فرسودہ جاگیردارانہ نظام،انتہاء پسندی اور موروثی سیاست کا خاتمہ کیا جاسکے۔

☆☆☆☆☆